حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ شَرِّدْ کے معنی ہیں۔

(الف) ماردو (ب) توڑ دو (ج) پھینک دو (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ للسلم کے معنی ہیں۔

(الف) لڑائی کیلئے (ب) حملہ کرنے کیلئے (ج) صلح کیلئے (د) آرام کیلئے

۳۔ الانفال کے معنی ہیں۔

(الف) دولت (ب) قرض (ج) تحفہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۴۔ سورۃ الممتحنۃ ______ شہر میں نازل ہوئی۔

(الف) مکہ (ب) مدینہ (ج) ریاض (د) جدہ

۵۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی کامل رہنمائی کیلئے ______ مبعوث فرمائے۔

(الف) بزرگان دین (ب) فرشتے (ج) انبیاء کرام (د) علماء کرام

۶۔ زکوۃ کے ______ مصارف ہیں۔

(الف) سات (ب) آٹھ (ج) نو (د) دس

۷۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مسلمانوں کو ______ کی ترغیب دو۔

(الف) سفر (ب) آرام (ج) جہاد (د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔ اللہ تعالیٰ نے ______ کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہوا ہے۔

(الف) توریت (ب) زبور (ج) انجیل (د) قرآن مجید

۹۔ سورۃ الانفال میں آیتیں ہیں۔

(الف) 75 (ب) 80 (ج) 85 (د) 100

۱۰۔ النعاس کے معنی ہیں۔

(الف) اونگھ (ب) بے ہوشی (ج) نیند (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۱۔ یحول کے معنی ہیں۔

(الف) وہ واپس آتا ہے (ب) وہ چھوڑ دیتا ہے (ج) وہ حائل ہوتا ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۲۔ مکآء کے معنی ہیں۔

(الف) شور (ب) وہ چھوڑ دیتا ہے (ج) وہ حائل ہوتا ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۳۔ قد ئیسوا کے معنی ہیں۔

(الف) وہ کامیاب ہوگئے (ب) وہ مطمئن ہوگئے (ج) وہ ڈر گئے (د) وہ مایوس ہوگئے

۱۴۔ بے شک تمہارا ______ اور اولاد بڑی آزمائش ہے۔

(الف) گھر (ب) کاروبار (ج) مال (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۵۔ بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے ______ کے درمیان حائل ہوجاتا ہے۔

(الف) [illegible] (ب) معاملات (ج) راستے (د) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کے چار نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل میں کسی ایک آیت کا مفہوم بیان کریں۔

(i) واعلموآ انما اموالکم والادکم فتنه لا ون الله عنده اجر عظیم O

(ii) وقاتلوهم حتی لاتکون فتنه و یکون الدین کله لله ج

سوال ۳۔ سورۃ الانفال کے پہلے رکوع میں مومنوں کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں؟

سوال ۴۔ خیانت سے کیا مراد ہے؟

سوال ۵۔ تقویٰ کے کیا انعامات بیان کئے گئے ہیں۔

سوال ۶۔ واذیمکر بیک الذین کفروا میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟

سوال ۷۔ سورۃ الاحزاب میں آپ ﷺ کو کن باتوں کی تلقین کی گئی ہے۔

سوال ۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھئے۔

(i) اذا قلت لصاحبک یوم الجمعته انصت والامام یخطب فقد لغوت.

(ii) للصائم فرحتان فرحته عند افطاره و فرحته عند لقاء ربه.

سوال ۹۔ قرآن شریف کا تعارف بیان کریں۔

سوال ۱۰۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟

سوال ۱۱۔ عہد رسالت کے دور میں علم کی اشاعت کا کوئی ایک مثال بیان کریں۔

سوال ۱۲۔ وضو کے فرائض بیان کریں۔

سوال ۱۳۔ اسلام میں ہجرت کا مفہوم بیان کریں۔

حصہ ج (تفصیلی جوات کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب لکھئے ہر سوال کے آٹھ نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ سورۃ الانفال میں مال غنیمت کی تقسیم کے بارے میں اہل ایمان کو کیا تلقین فرمائی ہے؟

سوال ۱۵۔ اللہ تعالیٰ نے ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں کے بارے میں اہل ایمان کو کیا تلقین فرمائی ہے۔

سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل حدیث کا ترجمہ کر کے مکمل وضاحت کے ساتھ تشریح کریں۔

کلکم راع کلکم مسئول عن رعیته

سوال ۱۷۔ اسلامی تعلیمات میں صبر کی ترغیب کیوں دی گئی ہے؟

سوال ۱۸۔ خاندانی نظام کی اہمیت بیان کریں۔